نوحہ

بنتِ زہراؑ ہے کھلے سر اے ہوا خاک اُڑا
اب یہی خاک ہے چادر اے ہوا خاک اُڑا

بے رِدا سر پہ لعینوں کی نظر پڑ نہ سکے
خاک ہو تا حدِ منظر اے ہوا خاک اُڑا

ریت پر لاشہِ شبیرؑ ہے بے گور و کفن
ڈھانپ دے لاشہِ سرورؑ اے ہوا خاک اُڑا

خاک جم جائے گی ہر زخم پہ مرہم کی طرح
چُور ہے عابدِ مضطرؑ اے ہوا خاک اُڑا

بے رِدا گزری جو مقتل سے علیؑ کی بیٹی
بولا ہر لاشہِ بے سر اے ہوا خاک اُڑا

خاک اب کون اُڑائے کہ بندھے ہیں بازو
چل گیا شاہ پہ خنجر اے ہوا خاک اُڑا

شہؑ کے سینے پہ جو سوتی تھی اُسی کی خاطر
آج ہے خاک کا بستر اے ہوا خاک اُڑا

217 چاہتی ہوں کہ میں اب ڈھانپ لوں بکھرے ہوئے بال
خاک خود بولی یہ رو کر اے ہوا خاک اُڑا

بے رِدا بی بیاں کہتی تھیں یہی نور علیؑ
کر دے احسان یہ ہم پر اے ہوا خاک اُڑا